رفیق بھی سبا نبی پہ معصوم تھی تابوت کی العین
حال دیکھ کے مسیب بھی بھونکے کی آئے حسین
جو بیبیاں بالو کے گودا و بھو کے اٹھے
جگہ نہ رہا آہ کہ بھی تم کیا جائے

۵۶

سب پہ تھا کرم وہ سید بے ریا و ادا صد نہیں
نجف ہی جبہ پہ ہیں طول کی حد نہیں
زیارت پڑھ کے بیٹھے ان کا شوق کی حد نہیں
بچی کا ال نہیں خفیف وہ سب کچھ صد نہیں
جدا جدا جو ہیں وہ [illegible]
حسن حسین جو سب [illegible]

۵۷

زیارت پڑھو کی سرکار [illegible]
یہ دونوں لال لال [illegible]
کہا بچی نے [illegible]
تھا حسین باغ رسالت کا [illegible]
فرشتہ [illegible]
[illegible]

۵۸

[illegible]

۵۹

[illegible]

۶۰

[illegible]

٦١

بہار بزم میں ہیں مست [illegible] بالا غضب
شراب و جام و دف کا مجمع یہ عالم ہے غضب
وہ اٹھانا لذت میں [illegible] ہے غضب
کھوئی تھی غیرت [illegible] غضب
[illegible] ہے
[illegible] ہے

٦٢

چھپائے بالوں سے منھ [illegible] تھی
اشارہ کر کے یہ بلا رہا تھا [illegible]
یہ چلتی شالوں میں [illegible]
ہی ہے [illegible]
وہ چھوٹی بچی [illegible]
جو دلیر [illegible]

٦٣

یہ دوزخ کی [illegible]
ساز نغمہ [illegible]
اٹھا ہے [illegible]
[illegible]
کہاں بلا [illegible]
بچا لیں وہ شمع [illegible]

٦٤

تھا [illegible]
[illegible]
[illegible] رسول خدا [illegible]
[illegible]
[illegible] الٰہی [illegible]
کہا [illegible]

٦٥

ہماری قوم و قبیلے کی [illegible] عورت
ہمارے [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۶۶

ڈرا نہ یزید کیا تیغ ستم کی یہ بیا
نبی کے گھر سے باز آیا وہ عدوئے خدا
پکاری زینب حسن سے بیکس پہ آ دو بچا
کہاں ہو آؤ حسن کی مدد کو لو بھیا
صفیں کی فوج نے لڑنے کو کالا حرم آ گیا
ہائے واسطے کیا سر نہ نظام گیا

۶۷

تماشے بعد بھی کی دربدر رسول کی آل
حسین دا میں سر دو کی کٹے یتیم و بیوہ بال
اسیر طوق و سلاسل یہیں ہم اب ہوا ہے حال
سنا ان کی ابو کی زینب کی لاکھ بیخ و غوبال
رسن گلے میں جناب ابرار کی صورت
کھڑی کی آل محمد فقیر کی صورت

۶۸

نجیب ناب بہا خفت نہیں جو حق پر آنسو
دعا کو کر سے رحم خالق آسمان
بہ تنقیعہ اشتر اب دنیا پابرہنہ
سے کر الہی ال کی بخیہ دویرہ شہ
بقا بابد دیکھا مصطفیٰ پیری
رب کے صاحب

ختم تضمین مرثیہ ہذا

۲۵- مارچ ۱۹۴۳ء

۴۱

مرثیہ

تیر خطا نہ ضرب ہو تیغ زباں مری

متذکرہ جنگ خیبر و شہادت امیرالمومنین علیہ السلام

نمبر (۱۲۲)

مصنفہ

سید سرفراز حسین خبیر لکھنوی

مطبوعہ

نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ

باسمہ

زیارت حضرت امیر المومنین علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلٰی اَبِی الْاَئِمَّةِ وَخَلِیْلِ النُّبُوَّةِ وَالْمَخْصُوْصِ بِالْاُخُوَّةِ
اَلسَّلَامُ عَلٰی یَعْسُوْبِ الدِّیْنِ وَالْاِیْمَانِ وَکَلِمَةِ الرَّحْمٰنِ اَلسَّلَامُ عَلٰی مِیْزَانِ
الْاَعْمَالِ وَمُقَلِّبِ الْاَحْوَالِ وَسَیْفِ ذِی الْجَلَالِ وَسَاقِی السَّلْسَبِیْلِ الزُّلَالِ
اَلسَّلَامُ عَلٰی صَالِحِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَارِثِ عِلْمِ النَّبِیِّیْنَ وَالْحَاکِمِ یَوْمَ الدِّیْنِ اَلسَّلَامُ
عَلٰی شَجَرَةِ التَّقْوٰی وَسَامِعِ السِّرِّ وَالنَّجْوٰی اَلسَّلَامُ عَلٰی حُجَّةِ
اللّٰہِ الْبَالِغَةِ وَنِعْمَةِ السَّابِغَةِ وَنِقْمَةِ الدَّامِغَةِ اَلسَّلَامُ
عَلَی الصِّرَاطِ الْوَاضِحِ وَالنَّجْمِ اللَّائِحِ وَالْاِمَامِ النَّاصِحِ وَالزِّنَادِ
الْقَادِحِ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهٗ

تاریخ ولادت ۱۳ رجب سنہ ۳۰ عام الفیل — تاریخ شہادت ۲۱ ماہ رمضان سنہ ۴۰ھ

جائے دفن نجف اشرف

۵ھ

نظروں میں آج چڑھتی ہے خیبر کی رہ گزار
قلعے میں وہ یہودیوں کا اُسوارِ قرار
خیبر اُس طرح سے انصار جاں نثار
پیچیدہ وہ سو بچے او ستمگر وہیں ہزار
یک دل نشد کی راہ میں اہل شکوہ تھے
کفار بت بنے ہوئے بالائے کوہ تھے

۲ھ

دیکھے جمال روئے سخن ہر سخن پرست
تخییل کا یہ حسن یہ معنی کا بند و بست
یہ خوبی کلام یہ الفاظ کی نشست
بندش ہی سست ہے نہ مضامین ہی ہیں پست
مداح ہوں میں بادشہِ قلعہ گیر کا
خیبر کی سمت ذہن چلا ہے جمیر کا

۷ھ

اہل نظر ہی دیکھیں گے جاہ و حشم مرا
انصاف جنگ دیکھیں ہے طرزِ ستم مرا
جنت نما ہے جلوۂ حسن رقم مرا
طوبیٰ نہال جس کا ہو وہ ہے قلم مرا
نقشہ مری نگاہ میں ہے کارزار کا
سایہ ہے نظم پہ ذوالفقار کا

۳ھ

رہتا ہوں جام بادۂ حبِّ علی سے مست
اعدا کا حوصلہ ہوا میرے شرف سے پست
پروا نہیں خلاف رہیں مجھ سے خود پرست
دشمن اگر قوی ہیں تو اُن سے قوی تر ہے دست
سو جان سے غلام اسد کبریا کا ہوں
بندہ ہر ایک ذرہ کا میں بوتراب کا ہوں

۱۲۸۶ھ

خیبر کشا ہے نظم ہے تیغ زباں مری
رکتی نہیں ہے فکر دمِ امتحاں مری
دشمن کو آب تیغ ہے طبع رواں مری
حاسد ہو دم بخود وہ سنے داستاں مری
مارا جسے وہ مرحبِ جنگی کا زار ہے
ورنہ دلِ و دیدہ مرا ذوالفقار ہے

۶۶

اکثر سپاہ دیں سے گئے لشکری جواں
لیکن نہ جنگ سر ہوئی پائے مع نشاں
اک شخص نے حضور سے آ کر کیا بیاں
ناکامیوں سے اپنی یہ اعدا کو ہے گماں
بجز و غنا کا جیش بہادر کوئی نہیں
فوج محمدی میں بہادر کوئی نہیں

۶۷

بولے یہ سن کے ہادیٔ دیں سرورِ امم
کل دوں گا اُس کو لشکرِ اسلام کا علم
واقف نہیں فرار سے جس مرد کے قدم
بھرتا ہے دم خدا و نبی کا وہ دم بدم
کل قدسی و ولی و وصی اُس کے دوست ہیں
سب اک طرف خدا و نبی اُس کے دوست ہیں

۶۸

یہ مژدہ سُن کے خوش ہوئے اصحابِ نیک نام
سب چاہتے تھے ہم کو ملے کل یہ احتشام
دن انتظار و شوق میں گذرا ہوئی جو شام
بالائے آسماں ہوئی تاروں کی دھوم دھام
شوریٰ نے بڑھ کے فتح و ظفر کا نشاں دیا
گردوں نے چاند کو علمِ کہکشاں دیا

۶۹

وہ شب تھی یا سیاہی گیسوئے حورِ عین
یا تھی سوادِ مردمکِ چشمِ سرمگیں
یا خالِ وجہ زینتِ رخسارۂ حسیں
یا دودِ آہِ عاشقِ مہجور و غمگیں
والنجم و القمر تھا جو وردِ آسماں کا
ذرّے زمیں کے پڑھتے تھے سورۂ دخان کا

۷۰

وہ شام انتظار دلوں کا وہ اضطراب
دم بھر علم کے شوق میں سوئے نہ شیخ و شاب
بستر پہ کروٹیں وہ بدلنا وہ پیچ و تاب
آنکھوں میں پھر رہا تھا علم کو نہ آتا خواب
بھاری مجاہدوں پہ نہایت وہ رات تھی
گویا نقابِ شاہدِ رایت وہ رات تھی

۱۱

اسلام کا نصیب جگاتی ہوئی وہ رات
دینِ خدا کا رنگ جماتی ہوئی وہ رات
دنیا سے زنگِ کفر مٹاتی ہوئی وہ رات
شبنم کی بوندیوں سے نہاتی ہوئی وہ رات
پونچھے جو گیسوئے بال نئی آب مل گئی
لیلائے شب کو چادرِ مہتاب مل گئی

۱۲

وہ آسماں پہ انجمِ تاباں کی انجمن
وہ سبزے کے گیسوئے پر پیچ کی شکن
وہ کہکشاں کی تاروں بھری مانگ ضوفگن
ناہید کی ادا وہ ثریا کا بانکپن
مہتاب کا وہ رخ وہ تاروں کی چھاؤں میں
ذرے سے چمک رہے تھے تاروں کی چھاؤں میں

۱۳

بکھرے ہوئے نجوم کی جمتی ہوئی وہ صف
تیرِ ادا کے واسطے عاشق کا دل ہدف
چھٹکی ہوئی وہ چاندنی پیدا ہیں ہر طرف
حلقہ سفید اور سیہ چاند کا کلف
ضدین اک جگہ ہیں یہ منظر ہے دید کا
چاندی کی ہو انگوٹھی نگینہ حدید کا

۱۴

پھیلا جو چاندنی کا مصلا بہ آب و تاب
قصدِ نمازِ شب میں ہوا محو آفتاب
پایا وضو کو چشمۂ نیلوفری سے آب
پروین نے دی ستاروں کی تسبیح لاجواب
ممتاز تھا غروب عبادت گزاروں میں
لکھا دبیرِ چرخ نے شب زندہ داروں میں

۱۵

بہائے گھومتے ہوئے سجدہ میں لوگ گرے
جس طرح گردِ کعبہ کوئی باصفا پھرے
یاں لوگوں میں حصولِ علم کے تذکرے
دریائے فکر میں کبھی ڈوبے کبھی ترے
اونچے خیال کر کے رات کا دن حج نے
آنکھوں ہی میں گزار دی سب رات مونج نے

۱۶ مطلع

پردے میں نور کے جو اندھیرا نہاں ہوا
بادِ سحر سے گلشنِ انجم خزاں ہوا
باغِ جہاں نمونۂ صحنِ جناں ہوا
تختہ زمیں کا رشکِ ہزار آسماں ہوا
قدرت پکار اٹھی کہ نئی دید آج ہے
غنچوں نے مسکرا کے کہا عید آج ہے

۱۷

اڑتا ہوا فلک پہ وہ روئے قمر کا رنگ
ابھرا ہوا شفق میں وہ خونِ جگر کا رنگ
مہندی بنا ہوا وہ فضا میں سحر کا رنگ
وہ طائروں کے نغموں میں گلزار کا رنگ
انداز دلپذیر ادا دلپسند ہے
یہ صبح کی پری ابھی شیشے میں بند ہے

۱۸

بکھی بہار ایک ہے گلزار سیکڑوں
دھانی قبا میں بیٹھے ہیں اشجار سیکڑوں
آراستہ ہیں مصر کے بازار سیکڑوں
دستارِ گل میں ہیں دُرِ شہوار سیکڑوں
نیساں کسطرح رنگِ چمن میں سما گئی
شبنم بھی موتیوں کا خزانہ لٹا گئی

۱۹

بلبل چہک اٹھی جو کھلے بوستاں کے پھول
غائب ستارے ہو کے بنے باغِ جہاں کے پھول
مرجھا کے رہ گئے دمِ کہکشاں کے پھول
نظروں سے گر گئے سپہرِ آسماں کے پھول
بجلی جو تیغِ موج ہوا دشتِ صاف میں
مریخ نے چھپا لیا خنجر غلاف میں

۲۰

ہلکا جو سبزہ چھپ گیا چرخِ خضری
کلیاں کھلیں تو دب کے چلی فوجِ اختری
کی سنبلہ سے سنبلِ تر نے نہ ہمسری
وہ نام کی ہے زلف یہ زلفِ معنبری
سرخی گلِ شفق کی طرح سے جو چھا گئی
لالے کے دل میں شب کی سیاہی سما گئی

۲۱

وہ سبز کونپلوں سے نکلتی ہوئی بہار
وہ کیاریوں کی گود میں پلتی ہوئی بہار
نرگس کی انکھڑیوں سے ابلتی ہوئی بہار
چلتا ہوا ہے سحر کہ چلتی ہوئی بہار
بولی صبا اگر نہیں جادو تو کیا ہے یہ
بلبل دی صدا کہ نہیں معجزا ہے یہ

۲۲

گلزار میں بہار کے آنے کو ہی ملت
غنچے بھی دوڑتے ہیں روش پر گلوں کے ساتھ
سوسن کے لب پہ برقِ تبسم بنی ہے بات
شبنم شمیمِ گل سے بسی ہے تمام رات
بلبل کے رخ پہ رنگ چڑھا ہے شہاب کا
چھڑکاؤ ہو رہا ہے چمن میں گلاب کا

۲۳

کلیاں چٹک چٹک کے پکاریں سحر سحر
پھولوں نے بلبلوں کو صدا دی ادھر ادھر
بولی نسیمِ صبح چلوں میں کدھر کدھر
ڈوبے ہیں آب جو میں صنوبر کمر کمر
ہر موج چل رہی ہے اٹھلاتے پہ نہر کے
پریاں نہا رہی ہیں کنارے پہ نہر کے

۲۴

وہ ذکرِ کبریا میں ٹھٹکتی ہوئی نسیم
شاخیں جھکی ہوئی ہیں وہ پئے سجدۂ کریم
ہر سمت اس کے فضل کی وہ شہرتِ عمیم
ذرہ سے کرتوں کا وہ نعرہ ہوالرحیم
امیدوار ربِ کریم ذوالمنن کے ہیں
بھونرا وہیں اشتیاق سیادت چمن کے ہیں

۲۵

نازاں ہیں گل ملے ہوئے گلگونۂ نیاز
باقی ہوں وظیفۂ بلبل میں وہ گداز
سبزہ نے زرو نقشہ بچھائی ہے جانماز
باقی نہ خار و گل میں رہا کوئی امتیاز
جتنے بلند و پست ہیں محوِ سجود ہیں
سب یک زباں مسبحِ ربِ ودود ہیں

۲۶

عالم ہیں یہ سحر کا ہی عالم عجیب ہی ترنگ
باغ سیاہ چشم زلف میں ہو طرفہ رنگ
وہ اہل دیں کو طاعت معبود کی امنگ
گلزار دہر سے ہی جدا اس چمن کا رنگ
ہر پھول اس بہار کا رحمت سرشت ہے
کیا اس سے منزلت میں زیادہ بہشت ہے

۲۷

رحمت یہاں کے چشمۂ جاری کا نام ہے
دو خاص گل ہیں یک نبی اک امام ہے
بلبل یہاں کا طائر سدرہ مقام ہے
یاں باغبان قدرت رب انام ہے
تا تہ بوئے روح جنبش موج صبا ہے وہ
عنصر دم مسیح ہی جس کا ہوا ہے وہ

۲۸

پیشانی نبی ہی یہاں کی سحر کا نور
ہر کہکشاں سے بڑھ کے نشان ظفر کا نور
یاں ذرہ ذرہ سے ہی نمایاں قمر کا نور
وہ نور خاک میں ہی کہ چھپے نظر کا نور
فردوس اس چمن کو کہئے تو قصور ہے
ہر برگ جس کا آئینۂ روئے حور ہے

۲۹

گلشن میں بلبلوں کی نوا ہیں ادھر اذاں
نرگس ادھر ادھر ہمہ تن چشم آسماں
قمری وہاں یہاں ہیں ملائک دعا خواں
پھولوں کی صف وہاں انبیا کی صف یہاں
سوسن کے لب ادھر صفت حق بیاں نہیں
کی اس طرف نبی نے امامت نماز میں

۳۰

ہاں چشم شوق دین کے رستے دیکھنا
یاں کے عطر سے یہ چمن بستے دیکھنا
بلبل نور گل کرتے دیکھنا
شیشوں میں گلدستے دیکھنا
گلوں کی صفت پروردگار ہی
تمہارے نور پہ قرباں بہار ہی

٣١

جبریل نے پاؤں کے مصطفےٰ چھوئے ہیں
قربت کے جو شرف ہیں وہ اُن پہ کھلے ہیں
اصحاب لئے بمصحف اپنی سجے ہیں
کیا کیا مرے جہاں نے منظر دیکھے ہیں
پروانۂ جمال سراج منیر ہے
دیکھو صف انجمن میں حاضر خبیر ہے

٣٢

کیوں نہ اخیر تک جدا ہو یہ بول چال
دلچسپ استعارے یہ تشبیہیں بے مثال
میرا کمال مان گئے صاحب کمال
شامل اگر ہو فضل خداوند ذوالجلال
باغ سخن کو روکش خلد علا کروں
ہر فصل میں بہار کے مضموں ادا کروں

٣٣

اس راستے میں اور سے جایا نہ جائے گا
دو اک قدم بھی پاؤں بڑھایا نہ جائے گا
شرمندگی سے سر بھی اٹھایا نہ جائے گا
یہ رنگ پھول سے بھی اڑایا نہ جائے گا
کانٹوں سے تو سنبھلتی طبیعت کی خو نہیں
اب عطر بھی ہو تو نکہت کی بو نہیں

٣٤

شفاف شکل سینہ بے کینہ ہے یہ نظم
جوہر ہیں جس میں مجموعہ آئینہ ہے یہ نظم
عرفان اہلبیت کا گنجینہ ہے یہ نظم
افسانہ ہے نہ قصۂ پارینہ ہے یہ نظم
غل ہے چمن چمن یہ تخیل بے نظیر ہے
یہ اوج کی روش پہ یہ پاس دلیر ہے

٣٥

دیکھے رنگ سحر انداز ہے جدا
بلبل کے زمزموں کی یہ آواز ہے جدا
چنگ و رباب و بربط سے یہ ساز ہے جدا
جادو ہے سامری سے یہ اعجاز ہے جدا
یہ بوستاں بھی گلشن جنت سے کم نہیں
اس باغ میں کسی کے چمن کی قلم نہیں

۳۶

بنتے ہیں جو مصورِ فطرت سخن طراز
اُنکی مصوری کے کھلے ہیں عجیب راز
دعوے بڑے بڑے ہیں بصد افتخار و ناز
لیکن سخن ہے حُسنِ معانی سے بے نیاز
ہاں رنگِ نظمِ غیر کی تحریر خوب ہے
عکسی جہاں جہاں ہے وہ تصویر خوب ہے

۳۷

ناراض ہوں نہ میرے سخن سے سخن پناہ
میں خود بُرا ہوں سب سے نہیں جائے اشتباہ
اک عام بات تھی جو کہی ہے خدا گواہ
روئے سخن کسی کی طرف ہو تو رو سیاہ
رسوائے خلق ہونے کی حسرت نہیں مجھے
سودا نہیں جنون نہیں وحشت نہیں مجھے

۳۸

کانٹے نہیں ہیں میرے چمن میں ہیں گل ہی گل
سو جان سے ہوں عاشقِ آلِ شہِ رسُل
دل بادۂ ولائے علیؑ سے ہے جامِ مُل
آزاد رو ہوں اور مرا مسلک ہے صلح کل
ہوں بر سرِ وفا دیہ ہمت نہیں مجھے
ہرگز کبھی کسی سے عداوت نہیں مجھے

۳۹

واقف ہیں سب میں واصفِ شاہِ انام ہوں
خاکِ درِ امامِ فلک احتشام ہوں
کیوں رات دن نہ محوِ درود و سلام ہوں
کیا کم ہے یہ شرف کہ علیؑ کا غلام ہوں
قانع ہے دل مرا کوئی حاجت نہیں مجھے
مانا کہ جاہ و منصب و ثروت نہیں مجھے

۴۰

دل ہے بلند پست کا ہوں رہا حزیں
اس آئینہ میں گردِ کدورت نہیں کہیں
گردوں کا ہے گلہ نہ کبھی شکوۂ زمیں
قسمت بری سہی پہ طبیعت بری نہیں
محسود ہوں حسد کی ضرورت نہیں مجھے
ہے شکر کی جگہ کہ شکایت نہیں مجھے

۱۲۱

عاشق ہوں اُس کا جس کا بنایا ہے جس کو خود اِلٰہ
خادم ہوں اُس کا جو کہ شہنشاہوں کا ہے شاہ
دل ہے پر بحر صادق کا خیر خواہ
صادق ہوں اپنے قول میں غار خدا گواہ
خواہش بجز حصول سعادت نہیں مجھے
کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

۱۲۲

اے عندلیب طبع فصاحت شیم خموش
بس ہے صفیر بلبل باغ ارم خموش
ہاں اے زبان کلک جواہر رقم خموش
کیونکہ یہ گرم جوش ہیں اے برق دم خموش
ہاں بہترین دیں کے تصور میں جھوم لے
پائے نبی و دست ید اللہ چوم لے

۱۲۳

ہے دیکھ وہ نماز سے فارغ ہوئے جناب
تیار ہو رہا ہے وہ دربار لاجواب
زینت فروز صدر ہے وہ مالک الرقاب
گردن جھکائے سامنے حاضر ہیں شیخ و شاب
ساکت ہیں سب کہ رعب بھی ہے اور ادب بھی ہے
اس پر یہ ہیں نشان کا حسن طلب بھی ہے

۱۲۴

ساعت سے منتظر تھے یہاں شاہ زمن جہاں
فرمایا ناگہاں کہ ہے میرا وصی کہاں
پشت و پناہ ہاشمی میرا عزیز جاں
دست خدا و نفس نبی فخر خانداں
آرام قلب و زینت پہلو کہاں ہے آج
دیکھو تو میرا قوت بازو کہاں ہے آج

۱۲۵

جاؤ گل ریاض شرافت کو جلد لاؤ
اس میوۂ بہشت ولایت کو جلد لاؤ
ماہ منیر منزل عصمت کو جلد لاؤ
خورشید آسمان امامت کو جلد لاؤ
خالق نے جس کو زور بھی بخشا ہے شان بھی
دوں گا اسی کو فوج خدا کا نشان بھی

٤٦

[illegible] نام
[illegible]
[illegible] نام
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٤٧

[illegible] صفات
[illegible] ذات
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٤٨

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٤٩

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٥٠

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۵۵۱

اب تم اٹھاؤ لشکر اسلام کا نشاں
تا ہو دوچند فوج خدا کی شکوہ شاں
لہرایا پرچم اڑ کے سنا جبکہ یہ بیاں
اور اس طرف پھڑک گئیں بازو کی مچھلیاں
بیتاب تھا جو شاہ ولایت کے واسطے
سیدھا ہوا نشان زیارت کے واسطے

۵۵۲

بخشا نشان خسرو ایماں نے مرحبا
چوب علم کے اوج سے چرخ بریں دبا
دھانی پھریرا خضر کی خاطر بنا تھا
ٹکڑے ہیں اس کے دامن گل دامن صبا
کہتا ہے اس نشاں کا جو پنجتن سر ہے
طوبیٰ کی شاخ نخل امامت کا بر ہے

۵۵۳

کاندھے پہ رکھا لشکر اسلام کا علم
سج کر سلاح رخش پہ بیٹھا وہ ذی کرم
ہالوں میں چاند تھے کہ رکابوں میں تھے قدم
وہ رحل زین کا تھی وہ اسوار کا حشم
رونق بڑھائی مصحف ناطق کی شان نے
قرآں لیا تمام خدا کی زبان میں

۵۵۴ مطلع

موسائیوں میں آتا ہے بہار تن مصطفےٰ
ہے سرور خاطر محزون مصطفےٰ
رگ رگ میں حق کا زور ہے اور خون مصطفےٰ
رفتار میں فرس بھی ہے گلگون مصطفےٰ
اک گام دو جہاں کا اسے عرض و طول ہے
بے شک یہ ہم عنان براق رسول ہے

۵۵۵

زین فرس پہ کعبۂ دیں کا وہ اقتدار
عرش آسماں پہ عرش پہ ہے نام کردگار
خاتم پہ نگ ہے نگ پہ ہے بسم اللہ آشکار
کرسی پہ لوح لوح پہ قرآن کی بہار
موسائیوں میں علم ہے یہ نشان غفور ہے
ایمن میں طور طور پہ خالق کا نور ہے

۵۶ھ

بجلی لرز گئی جو اڑا اسپ برق فر
پیچھے سموں سے پیچھے ہوا دھن رہی سر
بادل چلے جو ساتھ تو آب آب ہو گیا
پہلے ہی سے وہ خود ہی پسینے میں تر بتر
پیچھے ہیں سب یہ رشک نسیم آگے آگے ہے
ہاں یاں مثال بو کی شمیم آگے آگے ہے

۵۷ھ

آنکھوں میں باغیوں کی سماتا ہوا فرس
کانٹوں کو چھو کے گل ہنساتا ہوا فرس
ہر گام پر وہ پھول کھلاتا ہوا فرس
آتی ہوئی بہار ہے جاتا ہوا فرس
رہوار قطرہ زن ہے کہ لکہ سحاب کا
جو نقش سم ہے پھول بنا ہے گلاب کا

۵۸ھ

گھوڑا رکا جو دشت میں اس سوار کا
جنگل میں سے کے بن گیا ڈیرا بہار کا
اللہ رے دبدبہ اسد کردگار کا
دب دب گئے شیر بیشے میں سب کچھار کا
ہیبت تھا وہ کون سی جگر سب کے پھٹ گئے
جو شیر بنتے تھے وہی روباہ بن گئے

۵۹ھ

تھا ساتھ ساتھ شاہ کے کچھ پیل اور سوار
فرمایا ... ایک کا بھی نہیں کام زینہار
تنہا ہی سر کروں گا میں یہ رزم کارزار
تم دیکھے جاؤ دور سے اس جنگ کی بہار
دیکھو تو کتنا حوصلہ اہل دعا کا ہے
بندے کو دو جہان میں سہارا خدا کا ہے

۶۰ھ

قلعہ کے دیدبان ہیں گھبرا کے ہمکلام
یہ کون دشمنی کو آیا ہے دھوم دھام
ہر چند آ رہا ہے اکیلا یہ نیک نام
اقبال ساتھ ساتھ ہے ہمت ہے ہم لجام
سب سے جدا یہ شان بھی ہے اور شکوہ بھی
بار وقار وہ ہے کہ دبتا ہے کوہ بھی

۶۱

تنہا چلا ہے لڑنے کو ہمت غضب کی ہے
لرزاں ہیں پہلوان بھی دہشت غضب کی ہے
گردوں جھکا ہے پاؤں پہ شوکت غضب کی ہے
قہر خدا عیاں ہے جلالت غضب کی ہے
چھائی ہے دشت و کوہ میں ہیبت دلیر کی
مرکب کے نقش سم میں ہیں آنکھیں بھی شیر کی

۶۲

تھی داستان رنج بھی رنگت بدل ادھر
ناگاہ دل دیا ہوا پھاٹک کا جگر
ظاہر ہوا یہ معجزۂ شاہ بحر و بر
در آیا سنگ میں علم سید البشر
چلائے دیدبان کہ نشان خدا ہے یہ
توریت کی قسم شہ خیبر کشا ہے یہ

۶۳

مرحب نے فوج سے یہ سنی جبکہ گفتگو
ہنس کر پکارا حارث بد بیں کو کینہ جو
آیا وہ سامنے تو یہ کہنے لگا عدو
فوج یہود کی ہے ترے ہاتھ آبرو
خنجر بکف ہو تیغ شرر دم سنبھال لے
کون آیا ہے یہ اسکو ذرا دیکھ بھال لے

۶۴

ناری نے یہ سنا تو چڑھا جنگ کا بخار
نکلا شریر قلعے سے گرما کے راہوار
خیبر کے اژدہے نے کیا قصد کارزار
بولی اجل کہ شیر کے منہ پر چلا شکار
اُسکی نظر میں کیا ہیں پیچ حملے شیر کے
بچپن میں جس نے دو کیا اژدر کو چیر کے

۶۵

آیا مقابلے کو علیؑ کے عدوئے رب
بولا کہ میرے نام سے ہل جاتا ہے عرب
شان اسد پکار اٹھی چپ بے ادب
کھل جائے گی حقیقت لاف و گزاف سب
بھالا سنبھال خنجر خونخوار کھینچ لے
دعویٰ یہی ہے تو ذرا تلوار کھینچ لے

۶۶

لی تیغ تیز غصے سے کافر پتا ستم پرست
آگے بڑھا وہ پیڑ دہن مثل فیل مست
اٹھا علی کا ہاتھ کیا جو صف کو پست
ایسی لگائی تیغ ہوئے استخواں شکست
شمشیر شیر خیبر نے فتنہ فرو کیا
شیر خدا نے حارث خود سر کو دو کیا

۶۷

شیر خدا تو اے مرے ساقی ہے تیرا نام
تو سالک طریق ہے تو ہادی انام
برحق حدیث مصطفوی ہے تیرا کلام
تو جانشین نبی کا بلا فصل ہے امام
دو ایک میں بنے گا نہ اب کام ساقیا
بے فاصلہ عطا ہو مجھے جام ساقیا

۶۸

ساقی تری عطا سے ہیں شاد ابحر و بر
کثرا ہے تیرے ابر کرم کا سحاب تر
کب تک میں خاک چھان کے آخر کروں بسر
اب تو ادھر بھی ہو نظر کیمیا اثر
ہر گرچہ بیکد مژہ ہائے دراز تو
آخر بگو چہ شد نگہ دلنواز تو

۶۹

ہے سب پہ تیرے فیض کی برسات ساقیا
مست مئے ولا ہوں میں دن رات ساقیا
دامن ہے تیرا اور مرا ہات ساقیا
کوثر پہ یاد آئے یہ جرأت ساقیا
نظروں میں رکھنا اپنی گلی کے فقیر کو
ساغر کی خبر چھوڑ نہ جانا حقیر کو

۷۰

شہرہ ہیں زمانے میں یہ بادہ خواریاں
تو آپ جانتا ہے میری جاں نثاریاں
آنکھیں بنی ہیں گلشن ہستی کی کیاریاں
اک روز کام آئیں گی یہ اشکباریاں
الفت کا داغ پھول ہے گا گلاب کا
جنت میں گل کھلائیگا آب و تراب کا

۱

تیری عطا ہے میری طبیعت بھی ساتھا
کوئی نہیں کہیں یہ افضال کبریا
حارث کو قتل کرکے بھی دم بھر نہ دم لیا
مرحب کے آتے آتے پھر اک جام سے پیا
کم تھی نہ اپنے رنگ میں یہ داستان بھی
اب تیغ ہی کے ساتھ چلے گی زبان بھی

۲

مرحب نے پائی حارث خود سر کی جب خبر
چہرہ قلق سے زرد ہوا ہل گیا جگر
جلنے لگا جو دل تو ہوا آگ ہر شرر
کھولے لب غرور کی جنگ پر کمر
دم پیچتا ہوا جھک مارتا ہوا
بل کھا کے نکلا تیغ سے پھنکارتا ہوا

۳

کہتا تھا بار بار یہی ہو کے خشمناک
حارث کو اس جواں نے کیا ہے اگر ہلاک
مجھ کو بھی اس کے قتل میں اصلا نہیں ہے باک
ہلتی ہوئی زمیں نے کہا منہ میں تیرے خاک
توریت دیکھ لے یہ خدا کی کتاب ہے
تو ریگ دشت کفر ہے وہ بوتراب ہے

۴

مشتاق جنگ ساتھ ہوئی فوج بد شعور
ترچھا فرس پہ بیٹھا تھا کج فہم اہل زور
خود پیش پیش و در پس سپاہ شر پہ دور
آیا قریب سیف الٰہی وہ پر غرور
انگڑائی لے کے روک لیا راہوار کو
آئی ادھر ہنسی شہ دلدل سوار کو

۵

نام و نسب پہ کر چکا جب فخر وہ شریر
رطب اللساں رجز میں ہوئے حضرت امیرؑ
فرمایا بادشاہ رسلؐ کا ہوں میں وزیر
اللہ نے کیا مجھے عالم کا دستگیر
عمرانؑ کی جان لخت دل بنت اسدؑ ہوں میں
حیدرؑ ہے جس کا نام وہ شیر صمد ہوں میں

۵۸

تلوار اٹھا کے جو ہوا تازہ لعیں
قربان جوہر سپر شاہ مومنیں
قبضہ تو ہاتھ ہی میں رہا پھل گرا کہیں
الٹی خدا کے ہاتھ سے کبھی ٹلا نہیں
سیف خدا سے جنگ کے میدان میں گیا
شیرانہ ہمت سے بیابان میں گیا

۵۹

لرزاں تھا گرچہ خوف سے ناری کا بند بند
لیکن اٹھا کے گرز بڑھا وہ جفا پسند
بھر پور اپنا وار کیا پھیر کر سمند
یاں فضل حق تھا شامل مولائے ارجمند
کانپا نہ دل جلال شہ خوش صفات سے
جی چھٹ گیا کہ چھوٹ پڑا گرز ہات سے

۶۰

دل میں خیال جنگ جو ٹھہرا چکا تھا
کانپے قدم رکاب میں لیکن رکا تھا
پیڑی جمائی باگ اٹھائی جھکا تھا
بچنے کو تو چلا وہ مگر بے نکا تھا
ایمان و کفر ہوئے یہ ہنگام ہیبت
شیر حرم کے سامنے روباہ دربہ ہیبت

۶۱

گھبرا کے بھاگنے کو تھا میدان سے مگر
چلائی موت بن کے ہیبت چلا کدھر
بولی شجاعت شہ مرداں بہ کر و فر
تشویش کس لیے ہے اٹھا گرز گاؤ سر
دست خدا کا زور بھی بد ذات دیکھ لے
کچھ اپنے وار کر مرے کچھ ہات دیکھ لے

۶۲

حیدر کا نام سنتے ہی گھبرا گیا شقی
پھر دیکھا غور سے طرف شاہ متقی
سمجھا کہ نذر موت ہوئی عمر باقی
نیرنگیاں دکھاتا ہے یہ چرخ ابلقی
کیسی ہر ایک خاک میں تدبیر مل گئی
جو شب کو خواب دیکھا تھا تعبیر مل گئی

۵۸۱

ہم نامِ ذوالجلال نے تلوار کی علم
اُس غیظ کی ہوا میں وہ زلزلہ کا پیچ و خم
میکال و جبرئیل و سرافیل سے بہم
وقفہ فلک پہ رکنے کا پایا نہ ایک دم
قدرت کے جلوے آئے دکھانے زمین پر
حکمِ خدا کے ساتھ اُتر آئے زمین پر

۵۸۲

مرحب کے ساتھ تھے جو تن آور وہ ہٹ گئے
جو پہلوان بھیڑ کئے تھے وہ چھٹ گئے
دعوے کئے تھے جنھوں نے وہیں کٹ گئے
بازوئے شہ سے دو ملک آ کر لپٹ گئے
طرفہ جہادِ شاہ نے منظر دکھا دیئے
روح الامین نے زیرِ زمیں پر بچھا دیئے

۵۸۳

حجت تمام کرنے کو شہ کر رہے ہیں پند
اُس اہرمن کو دینِ الٰہی ہے ناپسند
مولا قریب اُس کے گئے پھیر کر سمند
دشمن کا قد تو قامتِ اقدس سے تھا بلند
طوفاں میں آ کے بحرِ شجاعت چڑھا رہا
دو ہاتھ دستِ بازوئے خیبر اُتار رہا

۵۸۴

لہرا کے جب بلند ہوئی غیرتِ نہنگ
دریائے غم میں ڈوب گیا اُس کے دل کا رنگ
مرحب نے لی سر پہ سپر وقت پائے تنگ
یہ دم کے دم میں ڈھال پہ جا پہنچی بے درنگ
آئی جبین تک کلہِ سنگ کاٹ کے
پانی زیادہ ہو گیا پتھر کو چاٹ کے

۵۸۵

آوازِ تیغ قلعہ کے در تک پہنچ گئی
یہ سر سے اُتری اور جگر تک پہنچ گئی
زینِ فرس پہ تھی جو کمر تک پہنچ گئی
کہتے ہیں جبرئیل کے پر تک پہنچ گئی
حاصل ہوئی پناہ نہ اس بے دریغ سے
بازو ملک کا جھول گیا بارِ تیغ سے

٥٨٦

نکلی زمین سے پر جبرئیل چوم کر
شیر الٰہ نے کی تکبیر جھوم کر
شوہر بزن نے کر دیئے آتش ظلوم کر
بھاگی سپاہ ڈھالیوں سے ہجوم گھوم کر
آئی ندا کہ امن کی ان کو نہ راہ دو
مومن ہو جس کی پشت میں اس کو پناہ دو

٥٨٧

خندق کے پار اتر گئے جو فوج اہل کیں
پھینکا ہر اک نے تختۂ پل توڑ کر وہیں
پہونچے کنارے پر جو شہنشاہ مومنیں
پشت فرس سے کود پڑے کبریا معیں
آئی صدا یہ دشت در و کوہ و فرش سے
قرآن بولتا ہوا اترا ہے عرش سے

٥٨٨

کی جست اسطرف سے جو دم میں یکبار
خندق کے اُسطرف سے تا آسماں قطار
واں جا کے پھر چمکنے لگی تیغ برق بار
ڈر کر سپاہیوں نے لیا جادۂ فرار
ساماں امان پا نہ سکا وہ جو چند کیا
قلعہ میں جا کے چھپ کے در بند کر لیا

٥٨٩

چھپتے بسان شیر امام فلک پناہ
قلعہ کے پاس ڈھال کو پھینکا بعز و جاہ
لوہے کے در میں انگلیوں نے یوں بنائی راہ
داؤد کا کمال ہوا دست شاہ
جنبش جو دی تو کام ہر اک سر بسر بنا
دست خدا کے ہاتھ میں وہ در سپر بنا

٥٩٠

چلنے لگی حصار میں پھر تیغ شعلہ ور
بولے ملک کہ شان الٰہی ہے جلوہ گر
یہی تھی یہ خزانۂ قدرت میں پیشتر
محبوب حق خدا کو یہ شمشیر کس قدر
جو ہر کرامتوں کے جھڑے اس کی ذات میں
حیدر کو دے کے قبضہ رکھا اپنے ہاتھ میں

٩١

پایا کسی نے خنجرِ برش کا نہ اور چھور
برباد ہو رہے تھے جب ہی پر سکھی ہو
رو کے کا نہ بازو سے حیدر کا زور نہ
آخر کو ہر طرف سے اٹھا الاماں کا شور
اسلام کا نصیب جو جھنڈوں پہ چھا گیا
قہرِ خدا کو دشمنوں پر رحم آ گیا

٩٢

خندق کی سمت چلے تو دیکھا یہ شکلِ حال
آستیں میں مصطفیٰؐ مع اصحابؓ خستہ حال
سب فوج کو عبور کی تشویش ہے کمال
قربان زور و ہمت حیدرؑ نام ذوالجلال
پتے کو پھول پھول کو گلشن بنا دیا
در کو پسر کیا پل آہن بنا دیا

٩٣

خندق کے عرض سے تھا بہت دور کا طول کم
تھے بیچ میں ہوا پہ معلق شہِ امم
آجاتے تھے جو تیغ پر ارباب بے الم
اُس سمت اُتار دیتے تھے مولا ذی حشم
غل تھا شرف یہ خاص ہیں حیدرؑ کے واسطے
ایسے قدم ہوں دوشِ پیمبرؐ کے واسطے

٩٤

آئی تمام فوج جو اُس سمت سے ادھر
دستِ خدا نے پھینک دیا ہاتھ سے وہ در
فرمایا مصطفیٰؐ نے مبارک ہو یہ ظفر
رکھا علیؑ نے پائے پیمبرؐ پہ جھک کے سر
شہ نے خطاب فاتحِ خیبر عطا کیا
حیدرؑ نے جھک کے شکر کا سجدہ ادا کیا

٩٥

کی یہ شکر دوست تھے آقائے نیک نام
واقف ہوئے نہ شکوے سے جانِ انامؑ
ہو صلح یا کہ جنگ حزیں ہوں کہ شادکام
ہر امر کا رضائے خدا پر تھا اختتام
کفار سے جہاد کیا جب بھی کیا
جس وقت حکمِ صبر ہوا صبر بھی کیا

۹۶ھ

کیا کیا نہ بعد ختم رسالتؐ ہوئے ستم
ڈگے نہ پائے راہ رضا سے مگر قدم
فاقوں میں بھی عیاں تھا نہ چہرے سے کوئی غم
رسی بندھی گلے میں تو دل کو نہ تھا الم
پابند صبر کرتا رہا کبریا کا شکر
گردن میں ریسمان زباں پہ خدا کا شکر

۹۷ھ

تھا بس کہ صابر و متحمل وہ دیں پناہ
معصوم کے خلاف تھے ازبس کہ کینہ خواہ
آخر کو ابن ملجم ملعون و روسیاہ
راضی ہوا کہ قتل کرے شہ کو بیگناہ
دل میں غبار امامؑ کی جانب سے بھر گیا
تاریخ و وقت ہو گیا طے دن ٹھہر گیا

۹۸ھ

کیا سال تھا یہ جس میں مصیبت عیاں ہوئی
ماہ صیام تھا کہ قیامت عیاں ہوئی
اٹھارھویں گذر گئے یہ آفت عیاں ہوئی
تیرہ ہوا جہاں شب شہادت عیاں ہوئی
ظاہر جلال و رعب خدا کے نشاں ہوئے
شمع حرم کی آنکھ سے آنسو رواں ہوئے

۹۹ھ

مولا پہ رعب بارگہ کبریا بھی تھا
اور شوق بہر گلشن صبر و رضا بھی تھا
پیش نگاہ منظر خوف و رجا بھی تھا
دل کی طرح زبان پہ شکر خدا بھی تھا
تھی اس طرف عطا و عنایت بھی ناز بھی
تھا اس طرف خلوص و وفا بھی نیاز بھی

۱۰۰ھ

کہتے تھے بار بار امامؑ حجاز شکر
دنیا سے کام کیا ہو مجھے کارساز شکر
سب کھل گئے محبت خالق کے راز شکر
بندے کو تو نے یاد کیا بے نیاز شکر
حالت ہے مضطرب دل پریشان کی
عاشق پہ تیرے شاق ہیں گھڑیاں فراق کی

۱۰۱

اُس رات تھی یہ حالتِ سلطانِ انس و جاں
گہ خوفِ حق میں اٹھتے کبھی آتے سوئے دالاں
دیکھا نکل کے گھر سے کبھی سوئے آسماں
اولاد سے کبھی یہ کہا ہو کے مہرباں
ہر چند اپنی موت سے واقف بشر نہیں
لیکن اجل سے دارِ فنا میں مفر نہیں

۱۰۲

کلثومؑ رو کے کہتی ہیں اے قبلۂ انام
کیوں آج ہیں زبان پہ یہ یاس کے کلام
سمجھا کے تحت دل کو یہ فرماتے ہیں امامؑ
آئے تھے میرے خواب میں پیغمبرِ انام
ارشاد تھا کہ حقِ وصیت ادا کیا
اللہ نے صلہ تمھیں اُس کا عطا کیا

۱۰۳

اب میرے پاس خلدِ بریں آؤ یا علیؑ
اہلِ جناں ہیں رستے تمھارے ہوں ملتجی
یہ خواب شب جو کہہ چکا اللہ کا ولی
سب کے سوا ہوئی دلِ پُر شر کو بیکلی
اک تیر تھا کلیجے کے جو پار ہو گئی
بیتاب روتے روتے وہ دلدار ہو گئی

۱۰۴

کہتے تھے بار بار شہنشاہِ روزگار
حق کہہ گئے ہیں مجھ سے رسولِ فلک وقار
مانع ہو میرے قتل سے کس کو یہ اختیار
تا آنکہ وہ صبح آئی کہ تھا جس کا انتظار
گھر سے وضو کے بعد امامِ مبیں چلے
مسجد کی سمت قبلۂ دنیا و دیں چلے

۱۰۵

مسجد میں آئے کعبۂ دیں قبلۂ زماں
پہلا امام کہنے لگا آخری اذاں
بولے یہ دشمنانِ علیؑ ہو کے شادماں
اب ہوتے ہیں شہید شہِ آسماں مکاں
بیدار ابنِ ملجمِ بدکار ہو گیا
قتلِ علیؑ کے واسطے تیار ہو گیا

۱۰۶

کہرام اذاں نماز میں مصروف تھے امام
پہلا ابھی تھا سجدہ میں تھے خاص و عام
جو ابن ملجم آ گیا تو لئے ہوئے حسام
ایسا ستم کیا کہ گرے رکن دیں تمام
شمشیر ظلم سر سے جبیں تک اتر گئی
ریش مبارک شہ دیں خوں میں بھر گئی

۱۰۷

آواز جبرئیل نے دی وا مصیبتاہ
سجدے میں قتل ہو گئے سلطان دین پناہ
زینب پکاری صدائے غم آ گئیں سبھی ہوا آہ
رو کر کہا حسنؑ نے کہ گھر ہوا تباہ
مالک بچائے جان امام جلیل کی
میں کیا کہوں جو آئی صدا جبرئیل کی

۱۰۸

روتے حسنؑ حسینؑ روانہ ہوئے شتاب
مسجد میں آئے تو نظر آیا یہ انقلاب
غلطاں ہیں سر کے خون میں شاہ آسماں جناب
کہتے ہیں خاک زخم میں بھر بھر کے بوتراب
واقف بنا دل سے خداوند پاک ہے
آغاز سب کا خاک تھا انجام خاک ہے

۱۰۹

ناگہ نمازی آئے تو بولے شہ زمن
ان لوگوں کو نماز پڑھا دو تم اے حسنؑ
پوچھا جو حاضرین نے رو کر بصد محن
کس نے لگائی تیغ یہ اے شاہ صف شکن
فرمایا جس نے ناقۂ صالح کو مارا ہے
اس سے سوا شقی یہ جو قاتل ہمارا ہے

۱۱۰

کیا فائدہ بتا دیں جو قاتل کا اپنے نام
ظاہر کرے گا آپ اسے خالق انام
فارغ ہوئے عبادت حق سے جو خاص و عام
مجبوس کر کے لایا گیا قاتل امام
گردن میں ریسماں کے تھے پھندے پڑے ہوئے
دہشت سے دونوں آنکھوں میں حلقے پڑے ہوئے

۱۱۱

قاتل سے اپنے کہنے لگے شاہِ دوسرا
مجھ کو شہید کرتے نہ آئی تجھے حیا
کیا میں نہ تھا وصیِ شہنشاہِ انبیا
کیا میں نے تیرے ساتھ کچھ احساں نہیں کیا
دعوت کا یہ صلہ کہ عداوت ہے یہ عوض
آخر یہ میری دوستی و خدمت کا ہے عوض

۱۱۲

ساکت رہا جھکائے ہوئے سر وہ بدشعار
کہنے لگے حسنؑ سے شہنشاہِ نامدار
خیر اس نے جو کیا سو کیا کیا تھا اختیار
بیشک نہیں ہے رحم کے قابل یہ زینہار
اس کی جفا کے بدلے میں کیا چاہیے ہمیں
جاں بر رہا تو لطف و عطا چاہیے ہمیں

۱۱۳

کس زور سے بندھی ہوئی ہیں اس کی مشکیں آہ
قیدی پہ اپنے چاہیے ہے مہر کی نگاہ
ہر چند میرا دشمنِ جاں ہے یہ کینہ خواہ
حال اس کا دیکھ سکتا نہیں میں خدا گواہ
شرم آتی ہے علیؑ کو اب اس بد صفات سے
تم اس کے ہاتھ کھول دو خود اپنے ہات سے

۱۱۴

ہے اس کا حال دیکھ کے دل پر مرے تعب
دیکھو تو خشک ہو رہے ہیں کیسے اس کے لب
بھوکا رہا ہے یہ مرا مہماں تو ہے غضب
حاصل اگر شفا ہوئی مجھ کو بفضلِ رب
احساں کی جزا میں رضا حق کی لونگا میں
توبہ کریگا یہ تو اسے بخش دوں گا میں

۱۱۵

رہتا تھا اس کے حال پریشاں بے خبر
کھانا نہ جس میں کھلاتا تم اس کو پیشتر
کس حد پہ رحم دل تھے شہنشاہِ نامور
قاتل کی دعوت آہ ہوئی ہے کہیں مگر
جس نے یہ تیغ دلبرِ شاہِ حنین تھا
فاقہ تھا تین روز سے پیاسا حسینؑ تھا

۱۱۶

حالت ہوئی نبی کی جو گڑگڑ کے جو ایک بار
لائی گئی گلیم پئے شاہ ذوالفقار
مولا کو گھر میں لے چلے سبطین نامدار
آنکھیں جھپکیں چھپا دل ان کے تھے بیقرار
شور بکا سے حشر تھا سارے جہان میں
اک زلزلہ عیاں تھا زمین آسمان میں

۱۱۷

گھر میں جو آئے سرور دیں ہادی امم
کھولے سروں کے بال ہوئے نوحہ گر حرم
مسند پہ شاہ دیں کو لٹایا بدرد و غم
سیدانیوں نے خاک ملی چہروں پر بہم
ماتم کدے میں طرفہ قیامت تھی کربلا
زینب نے منھ پہ خون شہ بحر و بر ملا

۱۱۸

بکھرائے زلف آئی جو اکیسویں کی رات
بستر پہ اٹھ کے بیٹھے شہنشاہ کائنات
بلوایا اپنے سامنے سب کو ایک سات
حاضر ہوئے جو پیش علی وہ نکو صفات
کاغذ وصیتوں کا رقم کر کے دیدیا
ایک اک کا ہاتھ ہاتھ میں شبر کے دیدیا

۱۱۹

بعد اس کے پھر نہ کہہ سکے مولائے بحر و بر
آیا پسینہ موت کا زخمی جبین پر
اک ربع رات ہو گئی جب اطلاع بر
پہونچے جناں میں منزل ہستی کو چھوڑ کر
اس حادثہ سے خلق میں آفت گذر گئی
آل رسول میں تو قیامت گذر گئی

۱۲۰

ہر گھر میں تھی عزائے شہنشاہ بحر و بر
ارکان دیں لرزنے لگے گرد و دشت و در
کہتا تھا کعبہ میرا مطہر گیا کدھر
تھے سرنگوں فرش بیت مقدس لہو میں تر
مسجد تڑپ رہی تھی نمازی کے واسطے
اسلام آپ روتا تھا غازی کے واسطے

۱۲۱

[illegible]

۱۲۲

[illegible]

بتاریخ ختم تصنیف مرثیہ ہذا ۸ دسمبر ۱۹۲۷ء

رباعی

کب ہم نے جہان میں اغنیا سے مانگا ۔ مانگا تو فقط رب علا سے مانگا

عادت جو خدا سے مانگنے کی تھی نصیر ۔ بندوں میں نصیری کے خدا سے مانگا

دیگر

سو جان سے غلام نفس پیغمبر ہوں ۔ خاک در بادشاہ بحر و بر ہوں

کیوں قلعہ مضموں پہ نہ قبضہ ہو نصیر ۔ میں مدح سرائے فاتح خیبر ہوں

اشتہار

بدر کامل حصہ دوم بھی زیر طبع ہے

ممتاز بک ایجنسی نخاس لکھنؤ سے

طلب فرمائیگا

تیسرا

جناب حضرت سیدہ بنت زادۂ حسن

در حال امام حسن علیہ السلام

مصنفہ
سید فراز حسین خبیر لکھنوی

مطبوعہ
نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ

زیارتِ امام حسن علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا بَقِیَّةَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَابْنَ اَوَّلِ
الْمُسْلِمِیْنَ وَکَیْفَ لَا تَكُوْنُ کَذٰلِكَ وَاَنْتَ سَلِیْلُ الْهُدٰی
وَ حَلِیْفُ التُّقٰی وَ رَابِعُ اَصْحَابِ الْكِسَآءِ
غَذَتْكَ یَدُ الرَّحْمَةِ وَ رُبِّیْتَ فِیْ حِجْرِ
الْاِسْلَامِ وَ رَضَعْتَ مِنْ ثَدْیِ الْاِیْمَانِ
فَطِبْتَ حَیًّا وَ طِبْتَ مَیِّتًا غَیْرَ اَنَّ
الْاَنْفُسَ غَیْرُ طَیِّبَةٍ بِفِرَاقِكَ وَلَا
شَاكَّةٍ فِی الْحَیٰوةِ لَكَ
یَرْحَمُكَ اللّٰهُ

ولادت امام حسن علیہ السلام ۱۵ ماہ رمضان سنہ ۳ھ	شہادت امام حسن علیہ السلام ۲۸ ماہ صفر سنہ ۵۰ھ

جائے دفن :: جنت البقیع

۱

جناب خضر کریں سیر سبزہ زار سخن
بلند گنبد خضرا سے ہے وقار سخن
نگاہ طوطیٔ سدرہ میں ہے بہار سخن
ہرا بھرا ہے یہ باریہ شاخسار سخن
ریاض نظم کے سب پھول آسمانی ہیں
ہر ایک شاخ ہے سرسبز نعت خوانی میں

۲

یہاں پہ مدح میں کرتا نہیں ہوں کوئی لب پہ ان کی ثنا
یہ ہے عطا مرے ممدوح کی قبول ہے نہال
مرے کلام پہ ہو معترض یہ کس کی مجال
جو کچھ کہے بھی تو کیا وقت کی زبان کمال
کہاں دماغ جو سے حسن تخیلات سے
کرے غرض ہے جمادات کی جو بات سے

۳

پسند اپنی طبیعت کو ہے خلوص کا رنگ
جو یہ نہیں ہے تو آئینے کو چھپا ہے زنگ
جدا تمام زمانے سے ہے مری آہنگ
اسی لئے تو ہے مرغوب اہل فن کو ڈھنگ
اساتذہ کی نگاہوں میں میری عزت ہے
یہ فیض نظم زمانوں کا فیض حضرت ہے

۴

شفیقوں کا ہے مقولہ یہ ہے مجدد فن
یہ کام فن کا نہیں قدرتی ہے صاف سخن
جو نکلا دل سے وہی لکھ دیا ہو جو حسن
یہ اتفاق کہ ہو جائیں کوئی نئی روشن
سمجھنے والے کہیں اس کو استعارہ ہے
میں کہوں تو لگا چمکتا ہوا ستارہ ہے

۵

پسند خاطر احباب ہے جو میرا کلام
بہت سے مرثیوں کا اس طرح ہے یہیں نظام
نہ پہلوان ہے فرضی نہ ہے جنت صمصام
نہ گفتگو ہے نہ رخصت کے بین جدید مقام
نہ رزمیہ سے خیالی کہیں روانہ ہے
نہ گل کی رگ نہ رگ سنگ تازیانہ ہے

۴۶

جو ہے پہلے تھے مثل حضرت شبیر
مثال کے لئے جیسے انیس اور دبیر
جو کچھ وہ کہہ گئے انکا کہا نہیں نظیر
اسی لکیر کے ہم بھی بنے رہیں جو فقیر
تو مبتدی ہی رہیں گے نہ منتہی ہوں گے
گذشتہ بندش الفاظ تک ہی محو ہوں گے

۴۷

دکھائی جائیگی جس طرح بھی مشاقی
ہمیشہ آئے گا ڈھالوں کی ابر میں ساقی
کہیں پہ تیروں کا مینھ اور سے کی مشاقی
کہیں پہ چھپ پڑے کے بادل میں بادہ باقی
کہیں پہ بجھ کے سے دشمن کو چور کرتے ہیں
منگایا جائیگا جام جو چھوڑ کرتے ہیں

۴۸

میں اس طریقے پہ جاؤں تو بس یہی ہوگا
رہے اساتذہ عصر انکا کیا کہنا
قدیم طرز میں بھی نکتہ تازہ ہو پیدا
پھر انکی راہ پہ چلنے کا ہم کو حق کیا
وہ زینت چمنستان مدح خوانی ہیں
ہے مستند سخن انکا زمانہ ثانی ہیں

۴۹

سخن کی اس نے بزرگوں نے راہ بتلائی
وہ اس طرف کو چلا جسکو جو روش بھائی
میں طرز اوج کا ہوں کسی نے پذیرائی
مورخی میں دکھاتا ہوں شان گویائی
جو واقعات ہیں تاریخ میں وہ لکھتا ہوں
سر افسانہ تو رنگینی سے دور رہتا ہوں

۵۰

یہ رنگ وہ ہے جو آساں بھی ہے کٹھن بھی
نظر وسیع ہو۔ مائل نہ فکر ہو کوئی
ریاض طبع میں بو باس ہو سلیقے کی
بیان جو حال ہو واقف ہے خالق ازلی
حریص زر نہیں زر کی مگر تلاش بھی ہے
حصول مال کی کوشش پئے معاش بھی ہے

۱۱

جہاں میں قابلِ عبرت ہے ایسی بھی داد
کہ صلح خواہ رہا جب کیا کسی نے فساد
زباں کاٹنا تو نکلا کرے جب اہلِ عناد
زبانہ بر سرِ بیداد، یا علیؑ فریاد
ہوں عذر سے بری رب ذوالمنن کی قسم
میں صلح کے لئے تیار ہوں حسنؑ کی قسم

۱۲

کرے نہ صلح یہ بھی گر زمانہ مجھ سے وفا
حسنؑ کی طرح پھرونگا نہ عہد سے بخدا
جو پھر بھی اہلِ عداوت ہوں دینے ایذا
یہ جان لیں مرے آقا ہیں سید الشہدا
نیامِ قلب سے بے اشتباہ نکلے گی
دفاع کے لئے شمشیرِ آہ نکلے گی

۱۳

نخوش لے دل غمِ دوست بس قدر کے لیے
نہ باز رہنا مروت سے مصطفٰیؐ کے لیے
رسن بندھے تو نہ اُف کرنا مرتضٰیؑ کیلئے
سمجھنا سم کو عسلِ عشقِ مجتبٰیؑ کے لیے
نجات قید بلا سے اگر نہ ہو کیا ہے
مطیع رہنا اسی کا جو تیرا آقا ہے

۱۴

بڑا کرے جو زمانہ، نہ کر ملالِ محن
خدا کا نام لے آغازِ کر ثنائے حسنؑ
اگر ہے غم کا اثر لے طبیعتِ حسن
ہو پہلے ذکرِ ولادت کہ خوش ہو دلِ محسن
ریاضِ فاطمہؑ کا نونہال ہے شبّرؑ
علیؑ کی جان پیمبرؐ کا لال ہے شبّرؑ

۱۵ مطلع

نبیؐ کے باغ میں معانی بہار آئی ہے
گلوں کے جام زبر جد آبِ پانی ہے
لبِ شب کی تحتیاں بیتے ہیں وہ صفائی ہے
فدا ہوں خضرؑ وہ سبزہ میں دربانی ہے
چمن کے حسن پہ موتی نثار رہتے ہیں
یہاں لعابِ مرصّع کو اوس کہتے ہیں

۱۶ھ

ریاضِ دہر میں ہے آمدِ حسنؑ کی جو دھوم
گلوں پہ سورۂ یوسف ہے جا بجا مرقوم
کسی کو نغمۂ بلبل کا رنگ کیا معلوم
ہر اک ترانۂ رنگیں کا ہے یہی مفہوم
رواقِ منظرِ چشمِ من آشیانۂ تست
کرم نما و فرود آ کہ خانہ خانۂ تست

۱۷ھ

مہِ صیام کی پندرھویں تھی بہار آگیں
وہ رحمتِ صمدی کا نزول سوئے زمیں
وہ زیبِ شانۂ زہراؑ نہالِ گلشنِ دیں
بنا تھا باغِ جہاں غیرتِ بہشتِ بریں
زمیں پہ سجدے ادا کرنے کو فلک آئے
درود پڑھتے ہوئے عرش سے ملک آئے

۱۸ھ

پیامِ فضل کی تعبیر خوابِ پیچیداں
نبیؐ کے دل کا ہے ٹکڑا یہ پارۂ قرآں
رسولؐ بیٹھے ہیں مسجد میں خرم و شاداں
جلیس ہیں بتجسس نگاہ ہوں حیراں
خوشی بھی آپ کو ہے اور انتشار بھی ہے
کسی نوید کے سننے کا انتظار بھی ہے

۱۹ھ

اسی خیال میں بیٹھے تھے سرورِ اکرمؐ
فلک سے آکے ملک نے یہ عرض کی اُس دم
مبارک آپ کو فرزند اے رسولِ امم
ہے گھر میں سیدہؑ کے سیدِ والا مقام
حضور آپ کو یہ لعلِ انتخاب ملا
نگینۂ مہرِ نبوت کا لاجواب ملا

۲۰ھ

رسولؐ شکر کے سجدے میں جھک گئے فوراً
رواں ہوئے سوئے بیتِ اشرف بوجہِ حسن
سلام کرنے کو حاضر تھے جن و ملک و پری
زمردیں تھا لباسِ ملائکہ روشن
گئے جو گھر میں تو اسما بافتخار بڑھی
ادب سے حافظِ اسلام کو لے کے بڑھی

۲۱

چراغ دین پہ داماں نظر پڑا ایماں
رسولؐ پاک نے بڑھ کر کہا کہ آ مری جاں
نبیؐ کے ہاتھ پہ آیا عطیۂ سبحاں
ہوا یہ شور ہے قرآں کی گود میں قرآں
یہ ماہتاب ہے اک دن وہ آفتاب بھی تھا
یہ نہیں کتاب زعیم میں بو تراب بھی تھا

۲۲

بلا اذان و اقامت سے جب نبیؐ کو فراغ
کہا علیؑ سے کہ لے خانۂ خدا کے چراغ
یہ ایک پھول ہے گویا مرے پدرؐ کا باغ
معطر اسکی مہک سے ہیں سب کے قلب و دماغ
تمہارے گھر میں یہ پیدا ہوا ہے شانِ خدا
رکھا اسکا نام بھی رکھا کہ ہو زبانِ خدا

۲۳

علیؑ نے دست ادب جوڑ کر کہا کہ حضور
رسولؐ پہ سبقت کرنے میں ہیں معذور
ہیں آپ مصحفِ ناطق خدائے پاک کے نور
دہن سے آپ کے نکلے تو ہو دو چند سرور
لقب بھی اسکا بصد اہتمام نکلے گا
وہ خوب ہو گا جو قرآں سے نام نکلے گا

۲۴

کہا نبیؐ نے مرا پھول ہے یہ غنچہ دہن
خدائے پاک نے رکھا ہے اسکا نام حسنؑ
علیؑ نے عرض کی یہ فخرِ زمین و زمن
مبارک آپ کو یہ لال ہو بوجہ حسنؑ
خدا رکھے یہ ہے کتنا اشرف جدّ سے
کہا رسولؐ نے کنیت ابو محمدؐ ہے

۲۵

یہ کہنا تھا کہ صدا درود آنے لگی
زمیں پہ رحمتِ حق رنگ اپنا جمانے لگی
فلک سے بار صدا تہنیت کی جانے لگی
تمام جان کہ تبسم حسنؑ بہانے لگی
نگاہیں کیسی نہلاتے جب دو چار ہوئیں
بھی سجائی ہوئی جنتیں نثار ہوئیں

۲۶

خوشی کا دور ہے چھایا ہوا ہے ابر بہار
ہوائیں چل رہی ہیں پڑ رہی ہے پھوار
ہر اک برگِ شجر ہے جوابِ دستِ نگار
کہاں ہے ساقیٔ رنگین مزاج و گل رخسار
بیا و کشتیٔ مے در شطِ شراب انداز
غریو و ولولہ در جانِ شیخ و شاب انداز

۲۷

ترا لقب ہے مسیحا نفس میں ہوں رنجور
کہ دل کو سوزشِ غم نے بنا دیا ہے تنور
جگر کا آبلہ ہے رشکِ دانۂ انگور
میں توبہ توڑ چکا کر دے مجھکو نشے میں چور
تو سب کا عقدہ کشا ہے اگر یہ ہو نہیں
حسنؑ کے نام کی خیرات دے فقیر ہوں میں

۲۸

پسر ملا وہ تجھے جو رسولؐ کی ہے جان
ہمیشہ جان کو اس کی ہے خدا کی امان
خدا کرے ترے سائے میں یہ چڑھے پروان
تری طرح ہی یہ اسلام ہے یہی ایمان
نہ کیوں خلاصۂ دیں ہو یہ جانشیں تیرا
چراغ میکدہ بیشک ہے مہ جبیں تیرا

۲۹

قلم ہو موئے پری کا تو صفحہ برگِ گل کا جواب
مداد میں ہو عوض آب قطرہ ہائے شراب
ہر اک دائرے میں ہو شمیمِ جامِ گلاب
تو مدحِ دلبرِ ساقی کروں بہ راہِ صواب
ہری ہو کشتِ دل ابرِ کرم برس جائے
نبیؐ کے پھول کی خوشبو سے بزم بس جائے

۳۰

فضائل ان کے بیاں ہوں جو لب پہ پڑھیں صلوات
حسنؑ کے ساتھ ہوں مدحِ حسینؑ کے برکات
جنابِ سیدہؑ بچوں کو لیکے ساتھ میں رات
حضورِ احمدِ مختارؐ آئیں جب اک رات
رسولؐ فرشِ مرض پر خموش لیٹے تھے
سرہانے آپ کے بیٹی تھی اور بیٹے تھے

۳۱

تھے غش میں شدتِ تپ سے نذیر و بشیر
لپٹ کے سوئے تھے نانا سے شبر و شبیر
سدھاریں سیدہؑ گھر کی طرف گرد دلگیر
قدم قدم یہ دعا تھی کہ اے خدائے قدیر
مرے پدر کو مرض سے نجات کامل دے
تو ہے طبیبِ حقیقی شفائے عاجل دے

۳۲

اسی طریقے سے گذری جو شب نصفِ ابرار
تو خواب سے ہوا ہر ایک مہ لقا بیدار
کہا کہ ہیں کہاں مادرِ بلند وقار
عیاں ہوا کہ مکاں کو گئی وہ نیک شعار
خیال آیا کہ اب رات ہے کدھر جائیں
پھر آپ ہی یہ کیا طے کہ اپنے گھر جائیں

۳۳

اکیلے جائیں کہیں تا ابھی نہ سن ایسا
وہ نصف شب وہ اندھیرا وہ ابر چھایا ہوا
وہ مینھ برستا ہوا اور وہ مینھ کے ساتھ ہوا
مگر خدا نے کیا خلق ایک نور ایسا
اندھیری رات میں جو رشکِ مہر و ماہ بنا
کہ فاطمہؑ کے چراغوں کو شمعِ راہ بنا

۳۴

دو نور تھا روشنی آنکھوں میں نہ سما سکے
ہوائے تند کا جھونکا جسے نہ بجھا سکے
ضیائے برق بھی جس سے نظر ملا نہ سکے
بشر تو کیا ہے فرشتہ بھی تاب لا نہ سکے
وہ روشنی تھی اسی بارگاہِ قدرت کی
نبوت یا وہ تھی لیکن ضیا امامت کی

۳۵

خیال تھا کہ چراغِ حریمِ طور تھا وہ
کہ ضو فشانِ سرِ میدانِ جمال حور تھا وہ
انہیں کی جلوہ فشانی کا اک ظہور تھا وہ
خدا کے نور تھے یہ بھی خدا کا نور تھا وہ
کوئی ملک تھا جو آنکھیں بچھاتا جاتا تھا
انہیں کا نور انہیں مشعل دکھاتا جاتا تھا

۳۶

جدھر وہ نور گیا اُس طرف گئے وہ ماہ
مگر نہ پائی کسی نے اپنے گھر کی راہ
کنارے شہر کے جا پہونچے وہ ذی عرش پناہ
تو ایک باغ نظر آیا سامنے ناگاہ
کہا چمن نے عجب مہ نے لئے پاس میں
ریاضِ خلد کے سردار مجھ میں آئے ہیں

۳۷

وہ باغ تھا کہ نمونہ تھا صحن جنت کا
وہ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا اور وہ دلفریب فضا
وہ کوندتی ہوئی بجلی وہ بادلوں کی صدا
اندھیرا تھا تو یہ قدرت نے انتظام کیا
چمن کو خلق عینین بوتراب ملے
کہ ایک چاند کے بدلے دو ماہتاب ملے

۳۸

وہ نور پھیلا کہ سمجھے یہ طائران چمن
کہ صبح ہو گئی باغ جہاں ہوا روشن
نوائے فاختہ سے گونجتا ہے سب گلشن
سئے ہیں سوزن حیرت نے لب سوسن
جو کم ہو جذبہ حیرت زبان کھول بھی سکے
عجب نہیں حسرت سے غنچے تو بول اٹھے

۳۹

کہا یہ بلبلوں نے اے گل ریاض رسول
حضور ہوں یہیں شب باش گر نہ ہوں ملول
بچھایا سبزے نے بستر کہ بیٹھیں آکے یہ پھول
لگائے غنچوں نے گل کے تکیے تا شرف ہو حصول
عزیز باغ ہوئے دونوں صورت یوسف
سنائی قمری و بلبل نے سورت یوسف

۴۰

طیور باغ کو جس وقت یہ ہوا معلوم
کہ نیند آگئی آرام میں ہیں وہ معصوم
نسیم گل سے کہا بڑھ کے اے نہ جھوم
یہی تھا غنچۂ لب دو تشنہ کام کا مفہوم
چمن میں جان علی و بتول سوتے ہیں
خموش باش پیمبر کے پھول سوتے ہیں

۳۱

یہ گل ہیں خواب میں لیکن نصیب ہیں بیدار
ہیں سوتے جاگتے فخرِ مسیح ہر دلدار
نفس پہ حضرتِ عیسیٰ کا معجزہ ہے نثار
کہ تندرست ہے گلشن میں نرگسِ بیمار
جہاں چمن میں ہے کاشانۂ وفا اُلفت
جگر میں لالے کے حدت نہیں وہ تپ ہے

۳۲

مزے میں پھر ہے دلِ بیقرار اے ساقی
یہ رنگ روپ یہ دی بہار اے ساقی
تری عطا کا ہے بس انتظار اے ساقی
خمار اُترا ہے شیشہ اُتار اے ساقی
ترے کرم سے اگر جام لاجواب ملے
خدا کے ہاتھ سے بے واسطہ شراب ملے

۳۳

تجھے پکار رہا ہوں جو بار بار میں آج
کریم تو ہے نہ ہوگا ترے خلافِ مزاج
وفا سرشت ہوں تجھ کو بھی ہے وفا کی لاج
تو جانتا ہے مرے پاس ہے نہ تخت نہ تاج
گلِ خزان نہ دہ ام زندگی ملال منست
شکستہ رنگی من ترجمان حالِ منست

۳۴

میں دل کو ساغرِ صہبا بنا کے بیٹھا ہوں
تمام خلق سے آنکھیں پھرا کے بیٹھا ہوں
نجف کی خاک کا سرمہ لگا کے بیٹھا ہوں
کہ تیرے کوچے میں دھونی رما کے بیٹھا ہوں
زباں پہ ہے کہ میں رہرو ہوں آفتاب کدہ
خدا رکھے مرے ساقی کو بوتراب کدہ

۳۵

پسند خاطرِ میکش ہے گفتگوئے شراب
مری جبیں کی شکن بن گئی ہے موجِ شراب
نظر کا نور بڑھے دیکھ لوں جو سوئے شراب
بسی ہوئی ہے جو سینے میں میرے بوئے شراب
مرا زبادۂ عشق تو رنگ و بو کافیست
تہی قدح کنی مست رنگ و بو کافیست

۳۶

جدھر وہ نور گیا اُس طرف گئے وہ ماہ
مگر نہ پائی کسی راہ اپنے گھر کی راہ
کنارے شہر کے جا پہونچے دونوں عرش پناہ
تو ایک باغ نظر آیا سامنے ناگاہ
کہا چمن نے عجب ہم نے بخت پائے ہیں
ریاض خلد کے سردار مجھ میں آئے ہیں

۳۷

وہ باغ تھا کہ نمونہ تھا صحن جنت کا
وہ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا اور وہ دلفریب فضا
وہ کوندتی ہوئی بجلی وہ بادلوں کی صدا
اندھیرا تھا تو یہ قدرت نے انتظام کیا
چمن کو حلقۂ عینین بوتراب ملے
کہ ایک چاند کے بدلے دو ماہتاب ملے

۳۸

وہ نور پھیلا کہ سمجھے یہ طائران چمن
کہ صبح ہو گئی باغ جہاں ہوا روشن
نوائے فاختہ سے گونجتا ہے سب گلشن
سیے ہیں سوزن حیرت نے لب سوسن
جو کم ہو جنبش حیرت زبان گل بھی سِلے
عجب نہیں حسرت سے ٹوٹ دل غنچے

۳۹

کہا یہ بلبلوں نے اے گل ریاض رسول
حضور ہوں یہیں شب باش کیجیے یہ طول
بچھایا سبزے نے بستر کہ بیٹھیں آکے یہ پھول
لگائے غنچوں نے گل تکیے تا شرف ہو حصول
عزیز باغ ہوئے دونوں صورت یوسف
سنائی قمری و بلبل نے سورۂ یوسف

۴۰

ظہور باغ کو جس وقت یہ ہوا معلوم
کہ نیند آگئی آرام میں ہیں وہ معصوم
نسیم گل سے کہا بڑھ کے ان کے تلوے چوم
یہی تھا غنچۂ لب دوختہ کا اک مقسوم
چمن میں جان علی و بتول سوتے ہیں
خموش باش یہ مرسل کے پھول سوتے ہیں

٣١

یہ گل ہیں خواب ہیں لیکن نصیب ہیں بیدار
ہیں سوتے جاگتے فخرِ مسیح ہر دلدار
نفس پہ حضرت عیسیٰ کا معجزہ ہے نثار
کہ تندرست ہے گلشن میں نرگسِ بیمار
جہاں چمن میں ہے کانٹا وہ خارِ الفت ہے
جگر میں لالے کے حدت نہیں وہ وحشت ہے

٣٢

مزے میں پھر ہے دل بیقرار اے ساقی
یہ رنگ روپ یہ دینی بہار اے ساقی
تری عطا کا ہے بس انتظار اے ساقی
خمار اُترا ہے شیشہ اُتار اے ساقی
ترے کرم سے اگر جام لاجواب ملے
خدا کے ہاتھ سے بے واسطہ شراب ملے

٣٣

تجھے پکار رہا ہوں میں بار بار آج
کریم تو ہے نہ ہوگا ترے خلاف مزاج
وفا سرشت ہوں تجھ کو بھی ہے وفا کی لاج
تو جانتا ہے مرے پاس ہے نہ تخت نہ تاج
گلِ خزاں زدہ ہوں زندگی ملال بخت
شکستہ رنگی من تہ جمال بخت

٣٤

میں دل کو ساغرِ صہبا بنائے بیٹھا ہوں
تمام خلق سے آنکھیں پھرائے بیٹھا ہوں
نجف کی خاک کا سرمہ لگائے بیٹھا ہوں
کرشمے کوچے میں دھونی رمائے بیٹھا ہوں
زباں پہ ہے کہ میں ذرہ ہوں آفتاب ہے وہ
خدا رکھے مرے ساقی کو بوتراب ہے وہ

٣٥

پسند خاطرِ نازک ہے گلفشانیٔ شراب
تری جبیں کی شکن بن گئی ہے موجِ شراب
نظر کا نور بڑھے دیکھ لوں جو سوئے شراب
بسی ہوئی ہے جو سینے میں میرے بوئے شراب
مزا زیادہ عشق تو رنگ و بو کا قیمت
تری قدر کمی بست و بو کا قیمت

۴۶

یہی ہے دھن کہ میں ساقی سے گفتگو بھی کروں
ملے گا جام مگر اُس کی جستجو بھی کروں
شراب ہی سے مصلّے کی شست و شو بھی کروں
ہوں بادہ نوش مگر اُس مے سے پھر وضو بھی کروں
بجز شراب نہ کچھ مجھ کو فکر ہو ساقی
شریکِ ذکرِ خدا تیرا ذکر ہو ساقی

۴۷

ہوئی نہ رنگ کے شیشے میں معانی بادۂ ناب
اور ایک سبز ہو مینا تو سُرخ ہو گلاب
ایک آفتاب کا ظرف ایک ساغرِ مہتاب
حسنؑ حسینؑ کے صدقے میں ہوں جام شراب
ترے چمن میں ہمیشہ یونہی بہار رہے
رسول زادوں کی جوڑی یہ برقرار رہے

۴۸

یہاں کے پھر میں مرے ممدوح ہیں تیرے دلدار
میں جا رہا ہوں سوئے باغِ احمدِ مختار
رسولِ پاک ہوئے جبکہ خواب سے بیدار
سُنا یہ واقعہ سب اک نہاں دل کو قرار
اندھیری رات میں شہ فاطمہؑ کے گھر آئے
پکارے تیرے دونوں مرے کدھر آئے

۴۹

بلا جواب نہیں آئے بشیر و شبیر
زیادہ طبع پریشاں ہوئی بحالِ دگر
دُعا خدا سے کی پئے بشیر و نذیر
خدا نے غیب سے بھیجی تھی اک نئی تنویر
حضور نور کے ہمراہ اُس چمن میں گئے
جہاں تو دونوں گئے تھے اسی بن میں گئے

۵۰

وہاں جو پہنچے نظر آئی قدرتِ داور
گھرا ہوا ابر ترشح ہے جس سے خاک ہے تر
ہیں محوِ خواب جہاں شاہِ دیں کے نورِ نظر
زمیں وہ خشک ہے بارش کا کچھ نہیں ہے اثر
اک اژدہا ہے جو بیٹھا ہوا ہے بالیں پر
کئے ہے سایہ وہ گلہائے گلشنِ دیں پر

۵۱

کہا صبیب خدا نے یہ اپنے لب سے سلام
امانت ایسی کی حاضر کی شاہ مرتضیٰ ...
رسول اللہ دولت کی ضد ہے کہ ایسے مقام
کرو جو [illegible] فدا جس جو [illegible] مرا کام
بہت [illegible] کہ اللہ [illegible]
[illegible]

۵۲

بتی نے [illegible] علی [illegible] دوات
ٹھہر گئی دم [illegible] کہ اللہ بعد [illegible]
پھر [illegible] صبح سے [illegible] حضرت
[illegible] الصلوٰۃ
جلوہ [illegible] زینت [illegible]
اور [illegible] القصار [illegible]

۵۳

کہا کسی [illegible] بادشاہ [illegible]
آل نبی [illegible] جو [illegible]
[illegible] مولا
بیٹی [illegible] [illegible]
صبر [illegible]
آل نبی [illegible]

۵۴

بتی [illegible] حسن [illegible] جان
فوج [illegible] جاں
کہا [illegible] نشان
بتی [illegible] شاہ [illegible] بیان
ایسے [illegible]
فوج [illegible]

۵۵

[illegible] فدا
[illegible] عمل
[illegible] حسن [illegible]
[illegible] حال [illegible]
[illegible] سے
[illegible]

۵۶م

حسن کا وصف مکمل لکھے یہ کس کی مجال
کہ سمجھی نہیں جب اعرابی آیا بہ سوال
نبی کا بیٹا بس یہ کہتا تھا بتا یگانہ امر الالٰہ
حسن نے سب کہا از روئے جب ابن عجب کمال
وہ بولا اور سوال و جواب سب کیا ہو گا
یہ نبی کی بیٹی ہیں یا بیٹا سب کیا ہو گا

۵۷م

پڑھا دیا سب قھقھے کو اعدا کو رسول اللہ
کہا حسن نے کہ پڑھ لا الٰہ الا اللہ
جو شاہ دوم سے یا تین سے بیتی بس آگاہ
جو کون بات کی اک کی سمجھو تم بھی طرف راہ
کس لئے اس میں ایمان انا لئے آ رہا تھا
کہا میں جا میں میں ملاقات میں جواب تھا

۵۸م

کس کا مال تو سا لو گے وفا رہے
جو جانے کھانے کو مج دکھا کے اگر تم ہی
اس نے رہنے اپنے آپ ایک وزارے
دیا اس نے بھی کجر بنی کا وصف جو ذکر کھلے
کہا خطا کا تم دم زن اپنے دھانے
وہ مال دیا اپنا بیٹا پڑھا دیا اپنے

۵۹م

کس کا درد سے وہ تھا اور علم کا جال
کہ جانا تھا حسن آگ بیٹی وہ بنا بال
ملا جو راہ میں اس شاہ کی ذات کا جلال
غال نے ڈال دیا ہاتھ اور کہا یہ انتقال
سن نقل کیا کر دو کیا اس نے بادہ ارکھا
خلاصہ یہ کہ حضرت کو جو نہیں کھا

۶۰م

پیا سے لے گئے در عشق دو بار دو افکار
کہ جو عشق اور ابن حیدر کرار
کہا تو یہ کہا اپنے تعصب کیسو ان کا بار
اک سے ملکہ محبت تو بھا کی اکرار الہار
پھر اس سے تو نہیں ان میں سب تر تاج
کلام حسن دیا ان کو جواب کر تاج

۶۱

ترے خیال میں بھی ہو اگر حسنؑ تو کیا
ہر ایک شخص کی منزل جدا ہے قبر جدا
عجب نہیں ہے میں ایسا نہ ہوں جو تو نے کہا
زباں سے کام لیا پھر یہ کیوں خلاف چلا
اگر ہو کوئی ضرورت بیان کر بھائی
جو تو قصد رہے مجھ سے ماں و بھائی

۶۲

تو ہو جو راہ دوں تجھ کو تو ہیں چالاک
لباس کہنہ اگر ہے تو دوں نئی پوشاک
مقابلے پہ ہو گر کوئی دشمن سفاک
وہ تیغ تجھ کو میں بخشوں کہ ہو جو قصد ہلاک
جو کفر ہو تو شرف ایمان کے دو بالا دوں
سقر کا ڈر ہو تو فردوس کا قبالا دوں

۶۳

یہ حلم دیکھ کے رونے لگا وہ اور کہا
خطا معاف کر اے قلزم سخا و عطا
تو ہی زمانے میں ہے رحمت خدا بخدا
نہ تھا میں قائل ولاد مصطفیٰؐ صلا
عدو تھا جتنا اب اُتنا ہی محب حسنؑ ہوں آپکا
مقر میں دل سے ہوا ہوں رسولؐ کا رب کا

۶۴

ہیں خلق و حلم سے کتنے ہی واقع مشہور
بیاں میں کب ہے یہ وسعت کہ ہوں وہ مذکور
انہیں کے نور کا شعلہ تھا ایک جلوۂ طور
انہیں کا حسن تھا یوسفؑ کے حسن میں مستور
خدا ہی جانے جو کچھ مرتبے ہیں شبیرؑ کے
